## سوال

(11) روحی فداک یا رسول اللہ کہنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج کے دور میں یہ لکھنا کیسا ہے ؟ "روحی فداک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "کیا یہاں پر "یا" کا لفظ لگانا جائز ہے ۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لفظ یا رسول اللہ کہنے کا حکم اس کے پیچھے کارفرما عقیدے سے متعلق ہے ،اگر تو آپ اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر وناظر ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں تو پھر یہ لفظ کہنا غلط ہے ،اور اگر آپ کا یہ عقیدہ نہیں ہے بلکہ حکایتاً کہتے ہیں تو پھر اس کے کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے ۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ ایسے مشکوک اور بدعتی گروہ کے مخصوص الفاظ استعمال کرنے سے اجتناب کیا جائے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الطہارہ جلد 2